07/05/2026

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبرنامہ لےکر مینشیخ تجمل احمد

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں

ہیڈ لائنز

*........ آپریشن سندور کا ایک سال مکمل// صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیر اعظم نریندر مو منوج سنہا نے مسلّ افواج کی بہادری کی، کی ستائش-LG دی اور

*........ بھارت نے ہر طرح کی دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر کار بند رہنے کا دہرایا عزم۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گلمرگ میں کیا کئی ترقیاتی پروجیکٹونکا کیا افتتاح۔

اور

*........ منشیات مخالف کارروائیوں میں ڈرگ سمگلرونکی ساڑھے4کروڑ روپے مالیت کی جائیداد ضبط

آپریشن سندور

آپریشن سندور کا آج ایک سال مکمل ہو گیا ۔ گزشتہ برس آج ہی کے روز بھارت نے آپریشن سندور کے تحت پاکستان اور پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں 9 دہشت گرد ٹھکانوں پر حملے کر کے، قریب ایک سو دہشت پسندوں کو ہلاک کیا تھا ۔

یہ ہوائی حملے 22 اپریل کے پہلگام حملے کے جواب میں ایک موثر ردِ عمل کے طور پر کئے گئے تھے ۔

صدر سندور

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آپریشن سندور کو دہشت گردی سے نمٹنے کے بھارت کے پختہ عزم اور اُن سبھی قوتوں کے خلاف ایک فیصلہ کُن کارروائی قرار دیا، جن سے ملک کے اقتدار اعلیٰ اور شہریوں کے تحفظ کو خطرہ لاحق ہے۔

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر انہوننے کہا کہ پہلگام کے وحشیانہ حملے کا منہ توڑ اور معقول جواب دیا گیا۔

PM سندور

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ ملک دہشت گردی اور اسکے بنیادی ڈھانچے کو ختم کرنے کےلئے پُر عزم ہے۔ آپریشن سندور کا ایک برس مکمل ہونے کے موقعے پر ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کے مسلح افواج نے آپرشن سندور کے دوران بے مثال شجاعت اور عزم کا مظاہرہ کیا۔

انہوننے کہا کہ فوجیوں نے پہلگام میں معصوم بھارتی شہریوں کو نشانہ بنانے کی جرا

---

ت کرنے والوں کو دندانِ شِکن جواب دیا۔ٔ

تصویر سندور

آپریشن سندور کا ایک سال مکمل ہونے پر وزیراعظم نریندر مو دی نے بھارتی مسلح افواج کی بہادری کے اعزاز میں سوشل میڈیا پر اپنی ڈسپلے پکچر کو تبدیل کیا ہے۔

انہوننے ہم وطنوں پر بھی زور دیا ہے کہ وہ افواج کے احترام میں سوشل میڈیا کے اپنے سبھی ہینڈل پر اپنی ڈسپلے پکچر تبدل کریں۔

نائب صدر

رادھا کرشنن ، لوک سبھا سپیکر اوم برلا اور وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی آپریشن CP نائب صدر سندور کا ایک سال مکمل ہونے پر ملک کی مسلح افواج کی بہادری کی تعریف کی ہے۔

اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوننے کہا کہ آپریشن سندور نے یہ بات واضح کر دی کہ بھارت ہر طرح کی دہشت گردی کے خلاف ہے۔

فوج سندور

بھارتی فوج نے آج آپرشن سندور کا ایک سال مکمل ہونے کے موقع پروزیر اعظم نریندر مو دی کا ایک ویڈو شیئر کیا ہے۔

-----PM-----

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر بھارتی فوج نے ملک کے اقتدار اعلیٰ اور شہریوں کے تحفظ کےلئے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

سندور جیسوال

دریں اثناءآج نئی دلی میں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے خارجہ وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران بھارت نے سرحد پار کی دہشت گردی کےلئے پاکستان کو موثر جواب دیا۔

انہوننے کہا کہ پاکستان ایک لمبے عرصے سے سرحد پار کی دہشت گردی کو سرکاری پالیسی کے طور پر استعمال کر رہا ہے انہوننے کہا کہ بھارت عالمی سطح پر دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کی کاوشوں کو تقویت بخشنے کےلئے کام کر تا رہے گا۔

سندورLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے آپریشن سندو ر کا ایک سال مکمل ہونے پر بھارت کے بہادر فوجی جوانوں کی شجاعت اور قربانیوں کی سراہنا کی ہے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ قوم اُن فوجیوں کو سلام پیش کرتی ہے جنہوں نے پہلگام میں معصوم شہریونکی ہلاکت کا بدلہ نہایت پُر عزم اور غیر متزلزل جذبے کے ساتھ انجام دیا ۔

ریل سندور

شمالی ریلویز کے جموں ڈویژن نے بھی آپریشن سندور کاایک سال مکمل ہونے پر بہادر فوجیوں کوخراج پیش کیا ہے۔ آپریشن سندور کے دوران اپنے فرائض انجام دینے کیلئے جموں ڈویژن نے اپنے 2سو سے زائداہلکارونکی عزت افزائی کی۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گلمرگ میں مالیات سے متعلق پارلیمانی قائمہ کمیٹی کے اعزاز میں ایک عشائیے کی میزبانی کی۔ کمیٹی کی قیادت رکنِ پارلیمان اورکمیٹی کے چیر پرسن Bhartruhari Mahtab کر رہے ہیں جو چار سے سات مئی تک سرینگر اور گلمرگ کے مطالعاتی دورے پر ہے ۔

اس سے پہلے گلمرگ میں کچھ پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کے بعد وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بے روزگاری پر قابو پانے کے لئے سرکار مختلف سکیموں کے ذریعے نوجوانوں کو خود روزگاری کی طرف راغب کررہی ہے ۔

--CM--

میٹنگCM

اس دوران وزیر اعلیٰ کی صدارت میں آج سرینگر مینمنعقدہ ایک میٹنگ کے دوران بجٹ تجاویز کی عمل آوری کا جائزہ لیا گیا ۔میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری ، کابینی وزراء، وزیر اعلیٰ کے مشیر ، چیف سیکریٹری اور مختلف محکموں کے انتظامی سیکریٹری موجود تھے۔

عمر تعزت

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک سینئر پولیس آفیسر امتیاز حسین میر کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔ انہوننے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کر تے ہوئے مرحوم کی جنت نشینی کےلئے دعا کی۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

نشہ

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیںلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

----(DRUGS)--LG------

نوجوانوں کو اس بری عادت سے دور رکھنے کیلئے درکا اقدامات کے بار ے میں ایک ایڈوکیٹ، ایڈوکیٹ آرض خان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

--- Ariz Khan---

نشہ ڈویژنل کمشنر

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت پوری یو ٹی میں سول اور پولیس انتظامیہ کے اہتمام سے سرگرمیاں جاری ہیں۔ ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ اس سو روزہ مہم کے پہلے 25دنوں کے دوران 58ہزار533بیداری پروگرام منعقد کئے گئے ۔جبکہ مختلف پروگراموں میں51لاکھ سے زیادہ شہریوں نے شرکت کی ۔

انہوننے مزید کہا ہے کہ اسی مدت کے دوران ایک ہزار752یوتھ کلب متحرک کئے گئے جبکہ مساجد اور دیگر مذہبی مقامات پر928منشیات مخالف تقریریں کی گئیں۔

ترالMLA

ترال رفیق احمد نائیک نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی طرف سے شروع کئے گئے نشہ MLA مکت جمونو کشمیر ابھیان کو کلیدی اہمیت کا قرار دیتے ہوئے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اس بدعت کا خاتمہ کرنے کےلئے اپنا بھر پور رول ادا کریں۔

وہ آج ترال میں ڈرگ دی ایڈکشن سینٹر کی طرف سے منعقدہ ایک تقریب کے دوران میڈیا سے بات کر رہے تھے۔

DGP

کے "Dos & Don'ts" پولیس سربراہ نلین پربھات نے آ ج دہشت گردی کی تحقیقات سے متعلق عنوان سے ایک کتابچے کی رسم رونمائی انجام دی یہ کتاب سٹیٹ انویسٹگیشن ایجنسی نے ترتیب دی ہے ۔ انہوں نے پولیس کے سبھی افسروں سے اس کتاب سے استفادہ کرنے کی تاکیدکی۔

درخشاں اندرابی

جموںو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے عشمقام میں سخی زین الدین ولی ؒ کی زیارت گاہ پر حاضری دی ۔ انہوننے وہاں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ بعد میں انہوننے سر بل میں سخی زین شاہ ولی ؒ زیارت کا بھی دورہ کیا اور وہاں کئی ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا۔

میڈیا سے بات کر تے ہوئے ڈاکٹر اندرابی نے کہا۔

------Darakhshan-----

دریں اثناءڈاکٹر درخشاں اندرابی نے آج گورنمنٹ ڈگری کالج پانپور میں حبہ خاتون سے متعلق ایک روزہ سمینار میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں انہوننے حبہ خاتون کی شاعری اور زندگی کے مختلف پہلوؤں کو اُجاگر کیا۔

سرینگرDC

سرینگر میں ماتا جیشٹھا دیوی استھا پن پر جیشٹھا دیوی کے جنم اُتسو کے سلسلے میں وار شک مہا یگہ کا اہتمام کیا گیا جس میں جموںو کشمیر کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے پنڈت برادری کے لوگوں نے شرکت کی۔ اس موقعے پر جموںوکشمیر میں قیام امن اور لوگوںکی خوشحالی کےلئے خصوصی پرارتھنا کی گئی ۔ ہون کے بعد پورن آہوتی دی گئی اور شردھالوؤں میں پر ساد تقسیم کیا گیا۔

جے اینڈ کے اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کی طرف سے وہاں بجن سندھیا کا انعقاد کیا گا۔

سرینگر کے ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے بھی مہا یگہ میں شرکت کی۔ بعد میں میڈ یا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

-----Akshay Labroo-----

ڈاکٹر زبیر سلیم

عمر ڈھلنے کے ساتھ ساتھ ہر فرد کو طرز زندگی میں تبدیلی لانی چاہئے۔ ماہرین بزرگوں کو مشورہ دیتے ہیں کہ انہیں روزمرہ کے معمولات انجام دینے میںاحتیاط برتنی چاہیے۔ اس سلسلے میںبزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر// ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

...........Dr. Zubair Saleem........

تنویر صادق

کمیٹی کی میٹنگ آج سرینگر میں پارٹی کے صدر دفتر پر منعقد ہوئی Provincial نیشنل کانفرنس ۔میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کے ترقیاتی منظر نامے اور پارٹی کے ایجنڈا پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔بعد میں میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے کہا۔

...........Tanvir Sadiq.......

PDP

پیپلز ڈیموکرٹیک پارٹی کی صدر اور سابق و زیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے جموں میں پارٹی لیڈروں کے ساتھ متعدد میٹنگیں منعقد کیں۔ جن میں انہوننے پارٹی امور کے ساتھ ساتھ لوگوں کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔

انہوننے پارٹی کارکنوں پر زور دیا کہ وہ زمینی سط پر پارٹی کو مستحکم کرنے اور عوامی معاملات کو اُجاگر کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کریں۔

کھٹانہ

سینئر بی جے پی لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر انجینئر غلام علی کھٹانہ نے آج علی گڈھ مسلم یونیورسٹی کا دورہ کر کے وہاں یونیورسٹی انتظامیہ کے ساتھ ملاقات کی اور یونیورسٹی کے تدریسی انتظامی اور ترقیاتی معاملات پر بات چیت کی۔

انہیں بتایا گیا کہ اس یونیورسٹی میں اس وقت36ہزار سے زائد طلباءزیر تعلیم ہیں۔

BJP

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما کی صدارت میں جموں میں جمونو کشمیر بی جے پی اقلیتی مورچہ کی میٹنگ منعقدہوئی جس میں اقلیتی طبقے سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

میٹنگ میں پارٹی کے جنرل سیکریٹری اشوک کول اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔ آپریشن سندور کا ایک سال مکمل ہونے کے موقعے پر ست شرما کی صدارت میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں اس آپریشن کے دوران بھارتی فوج کی بہادری کی تعریف کی گئی۔

شاہین

جنتا دل یونائیٹڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے آج سرینگر میں کئی عوامی وفود کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں درپیش مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

اس موقعے پر انہوننے کہا موجودہ حکومت زمینی سط پر لوگوں کو راحت پہنچانے میں بُری طرح سے ناکام ہوئی ہیں۔ انہوننے حکومت سے اپیل کی ہے کہ وہ خوابِ خرخوش سے جاکر لوگوں کے مسائل کی طرف سے توجہ مرکوز کریں۔

کرائم برانچ

بینک کی HDFCکرائم برانچ جموں کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے سال2025میں شوپیان شاخ میں مالی خرد برد کے درج کئے گئے ایک معاملے کے سلسلے میں چار ملزموں کے خلاف جوڈیشل مجسٹریٹ شوپیان کی عدالت میں فرد جرم داخل کیا ہے ۔

ملزمان// عادل ایوب گنائی ، عرفان مجید زرگر ، مبشر حسین شیخ اور زید منظور نامی بینک کے چار ملازمین کو پہلے ہی گرفتار کیا جا چکا ہے-HDFC

سینک سکول

سینک سکول نگروٹہ نے نیشنل ڈیفنس اکیڈیمی میں154 وینکورس میں سب سے زیادہ کیڈٹس بھیجنے کےلئے رکشا منتری ٹرافی2025 حاصل کر کے جمونو کشمیر کا مقام فخر سے اونچا این ڈی اے تحریر UPSC کردیا ہے۔ واضح رہے کہ اس سکول سے تعلق رکھنے35کیڈٹس نے کیا-Qualify امتحان پاس کیا جن میں سے11نے انٹرویو بھی

نے کیڈٹس عملے اور والدین کی ستائش کی ہے-Shibu Devasia کالج کے پرنسپل کپٹن

مفاہمت نامے

جموں کشمیر پولیس اور جموں کشمیر بینک کے درمیان سال2023میںطے پائے گئے مفاہمت نامے کے تعلق سے دونوں اداروں نے ایک تاریخی ضمنی معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔جس کے ذریعے کی فلاح و بہبود کو مزید موثر بنایا گیا ہے SPOs پولیس شہداء، پولیس کے موجودہ اہلکاروں اور امتیابھ چٹر جی نے CEOنلین پربھات اور بینک کے منیجنگ ڈائریکٹر و DGP۔اس معاہدے پر دستخط کئے ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیرمیں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27 اعشاریہ9ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت11ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت21ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 35منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر20منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔